© rasailojaraid.com

انگریزی ادب کی ترویج و ترقی کے باعث ہمارے فنِ تنقید میں بھی کافی تبدیلیاں ہوئی ہیں اور ہمارے ناقدین نے اپنے ادبی سرمایہ کا نئے زاویوں سے جائزہ لینا شروع کیا ہے۔ ان حضرات کی ان ذہنی کاوشوں کے نتائج مختلف ادبی رسائل اور کتب کے ذریعہ منظرِ عام پر آرہے ہیں۔

زیرِ تبصرہ کتاب کے مرتب نے جو مسیحی جماعت کے ایک ہونہار نوجوان اور اردو فارسی کا نہایت شستہ ذوق رکھنے والے فاضل ہیں ۱۰ ان تنقیدی مقالات کو یکجا کر دیا ہے۔ اس انتخاب میں انہوں نے اس امر کا خاص طور پر خیال رکھا ہے کہ تنقیدی ادب کے مختلف اصناف اور پہلوؤں کے متعلق ایسے مضامین یکجا ہو جائیں جن سے ان اصناف کا صحیح تعارف بھی ہو سکے اور اُن مخصوص پہلوؤں کی ایک واضح اور دلکش تصویر بھی سامنے آجائے۔

فاضل مرتب نے ہزاروں صفحات میں بکھرے ہوئے مواد کو جس عرق ریزی اور دیدہ وری سے تلاش کر کے جس دقتِ نظر سے جانچ کر اور جس خوش اسلوبی کے ساتھ اسے مرتب کیا ہے وہ لائقِ تحسین و ستائش ہے اور ان کی یہ کوشش اردو ادب میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔ یہ مجموعہ اگرچہ طلباء کی ضرورت کو سامنے رکھ کر مرتب کیا گیا ہے لیکن اس سے ہر صاحبِ ذوق تنقیدی شعور بیدار کرنے میں رہنمائی حاصل کر سکتا ہے۔

اس کے مطالعہ سے ایک بات کا البتہ احساس ہوتا ہے کہ اگر فاضل مرتب اس مجموعے کو ادوار کے اعتبار سے ترتیب دیتے تو اس میں ایک معنوی نظم اور مقصدی ربط پیدا ہو جاتا جس سے اس کی افادیت بڑھ جاتی۔ لیکن اس کے باوجود یہ مجموعہ وقیع اور عمدہ ہے اور مرتب کے وسعت مطالعہ اور سلجھے ہوئے ذوق کا ہر لحاظ سے آئینہ دار ہے۔

(ع - ح - ص)

**تاریخ اسلام** | مولف: سید عین الحق حقی ایم۔ اے۔ صدر شعبۂ تاریخ اسلام۔ اسلامیہ کالج کراچی۔ ناشر: علی بک ڈپو۔ ۴۔ ۵ اردو بازار کراچی۔ قیمت: ساڑھے چھ روپے۔ صفحات: ۲۰۴

زیرِ نظر کتاب اسلام کی ایک مختصر تاریخ ہے جو خصوصیت کے ساتھ طلبہ کی خاطر لکھی گئی ہے اور عہدِ رسالت سے لے کر زوالِ بغداد تک کے حالات پر مشتمل ہے۔ نیز اس میں اُن

© rasailojaraid.com